کیسی تھی، اور اس نے برائیوں اور دکھوں کے نیچے دبی ہوئی مظلوم انسانیت کو کیا دیا ؟

یہ کتاب اگر اسلامی مدارس کے ابتدائی درجوں میں پڑھائی جائے تو مفید ثابت ہوگی اور پوری توقع ہے کہ بچوں کی سادہ اور معصوم فطرت پر رسول اللہ کی حقیقی عظمت اور محبت کا نقش اچھی طرح بیٹھ جائیگا ۔

کتاب میں ایک جگہ فاضل مؤلف کے قلم سے ایک قابلِ اصلاح بات نکل گئی ہے ۔ رسول اللہ کا بڑھیا سے یہ فرمانا کہ "بوڑھی عورتیں جنت میں نہیں جائینگی" اور پھر بڑھیا کے اظہارِ اضطراب کے بعد یہ فرمانا کہ "خدا ہر شخص کو جنت میں جوان کر کے بھیجے گا" محض آپ کے ذاتی علم الٰہی پر مبنی تھا قرآن سے آپ نے حوالہ دیکر نہیں فرمایا تھا، کیونکہ قرآن میں تو اس امر کا کوئی ذکر ہی نہیں ۔

ادب لطیف کا ڈراما نمبر ادب لطیف، لاہور کا مشہور اور بلند پایہ ادبی ماہنامہ ہے زیر تبصرہ پرچہ اس کا ڈراما نمبر ہے جس میں متعدد معیاری ڈراموں کے علاوہ ڈرامہ نگاری کی تاریخ اور اس کے فن پر بہترین مقالات موجود ہیں ۔ ڈرامے ہر قسم کے ہیں، مختصر بھی، طویل بھی، منظوم بھی، منثور بھی، طبعزاد بھی، مترجم بھی ۔ لہٰذا کہا جاسکتا ہے کہ یہ نمبر پرچے کے محترم مدیر کی بڑی تیاریوں اور کامیاب فنی خدمتوں کا نتیجہ ہے ۔ دو سو سے زائد صفحات کا یہ ضخیم نمبر مکتبہ اردو، لاہور سے صرف ۱۲ میں مل سکتا ہے ۔

مسیح الملک مرتبہ حکیم محمد مظہر الدین صاحب اجملی ۔ ضخامت ۶۰ صفحات، شرح چندہ عہ سالانہ ۔ ملنے کا پتہ : دفتر مسیح الملک ۔ قرولباغ ۔ دھلی ۔

یہ ایک طبی ماہنامہ ہے جو چند ماہ سے نکل رہا ہے ۔ اس کے اندر دلی و بیرون دلی کے مستند اطبا کے طبی مقالے سادہ اور عام فہم زبانوں میں شائع ہو رہے ہیں اپنی صحت کی حفاظت ہر انسان پر واجب ہے، لیکن ہر شخص طب اور حکمت کی باقاعدہ تعلیم حاصل نہیں کر سکتا، اس لیے اس قسم کے رسالے جو ہماری اپنی ملکی زبان میں شائع ہوتے ہیں، عام لوگوں کو ان سے فائدہ اٹھانا چاہیے ۔